موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

4 سے 7 دسمبر 2025

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع صاف رہنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21 سے 24 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 6 سے 11 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

گندم کو پہلا پانی 20 سے 22 دن بعد دیں اور پہلے پانی کے ساتھ ایک تہائی نائٹروجنی کھاد دیں۔ پہلی آبپاشی بروقت کریں تاکہ شگوفے نکلنے کے دوران پانی کی کمی نہ ہو۔ اگر بوقت بجائی فاسفورسی اور پوٹاش والی کھاد نہیں ڈالی تو فاسفورسی اور پوٹاش حل پزیر کھادیں پہلے پانی کے ساتھ فلڈ کریں۔ پہلی آبپاشی کے بعد محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی کریں۔

کماد

کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مدنظر رکھ کر کریں۔ گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔

آم

مزید آبپاشی نہ کریں تاکہ پودے اپنی حالت خوابیدگی کے دوران اپنے آپ کو پھولوں کے لئے تیار کر سکیں۔ اگر پودے پر نئی شاخیں اور پتے موجود ہیں تو ان پر کسی بیماری یا کیڑے کے حملے کی صورت میں اس کا تدارک کریں۔ پودے میں کانٹ چھانٹ کا عمل مکمل ہو چکا تاہم پودے کے اندر روشنی کی ترسیل کو ممکن بنانے کے لئے ضروری کانٹ چھانٹ کا عمل جاری رکھیں۔ وہ پودے جہاں اکتوبر میں نئی گروتھ ہوئی ہو ان پر 2 فیصد حل پذیر پوٹاش کے محلول کا سپرے کریں تاکہ نئی شاخیں پھل کے لئے تیار ہو سکیں۔ باغ میں چھوٹے پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔ باغ میں کیڑوں اور بیماریوں کے حملے کی روک تھام کے لئے حفاظتی سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرنچ بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔